اللیل

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	رات کی قسم جب وہ چھا جائے۔
۲	اور دن کی قسم جب وہ روشن ہو جائے۔
۳	اور اس ذات کی قسم جس نے نر اور مادہ پیدا کئے۔
۴	کہ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے۔
۵	سو جس نے اللہ کے رستے میں مال دیا اور پرہیزگاری کی۔
۶	اور بہترین بات یعنی کلمہ توحید کو سچ جانا۔
۷	تو اسکو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے۔
۸	اور جس نے بخل کیا اور بے پروا بنا رہا۔
۹	اور بہترین بات کو جھوٹ سمجھا۔
۱۰	تو ہم اسے رفتہ رفتہ سختی میں پہنچا دینگے۔
۱۱	اور جب وہ دوزخ کے گڑھے میں گرے گا تو اس کا مال اسکے کچھ بھی کام نہ آئے گا۔
۱۲	یقیناً راہ دکھا دینا ہمارا ذمہ ہے۔
۱۳	اور بیشک آخرت اور دنیا ہماری ہی ملکیت ہیں۔
۱۴	سو میں نے تمکو بھڑکتی آگ سے خبردار کر دیا ہے۔

۱۵	اس میں وہی داخل ہو گا جو بڑا بد بخت ہے۔
۱۶	جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا۔
۱۷	اور جو بڑا پرہیزگار ہے وہ اس سے بچا لیا جائے گا۔
۱۸	وہ جو اپنا مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو۔
۱۹	اور اس لئے نہیں دیتا کہ اس پر کسی کا احسان ہے جس کا بدلہ اتارا جائے۔
۲۰	بلکہ اپنے رب اعلیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے دیتا ہے۔
۲۱	اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا۔